ilmkidunya

Tarjuma-Tul-Quran-ul-Majeed - 10th Class Tarjmatul Quran Urdu Medium Chapter 15 Preparation

Q1. سورۃ السجدہ کے دو علمی و عملی نکات تحریر کریں-

Ans 1: 1- اللہ تعالی نے اس کائنات کو پیدا کیا اور وہی کائنات کے تمام معاملات کا انتظام سمنھالے ہوئے ہے. 2- اللہ تعالی کی فرماں برداری کرنے والے اور اللہ تعالی کی نافرمانی کرنے والے برابر نہیں ہوسکتے.

Q2. درج زیل قرآنی الفاظ کے معنی لکھیں- ان تمید- ناسکوہ- یسبحون-رتقا- معرضون- رواسی- سقفا

Ans 1: ان تمید- کہ وہ ہلنے نہ لگے- ناسکوہ- جس پر وہ چلنے والے ہیں- رتقا - ملے ہوئے- رواسی- پہاڑ- سقفا - چھت

Q3. سورہ الفاطر میں کیا واضح کیا گیا ہے.

Ans 1: اس میں یہ واضح کیا گیا ہے کہ اللہ تعالی کا حقیقی ڈر انہیں حاصؒل ہوتا ہے جو علم اور آگہی رکھتے ہیں

Q4. سر کش شیطان پر شہاب ثاقب کیوں پھینکے جاتے ہیں.

Ans 1: سر کش شیطان پر اس لیے شہاب ثاقب پھینکے جاتے ہیں تاکہ وہ بھاگ کھڑے ہوں

Q5. ترجمہ کریں- رب اشرح لی صدری ہ و یسرلی امری ہ

Ans 1: اے میرے رب ! میرے لیے میرا سینہ کھول دے- اور میرے لیے میر اکام آسان بنادے-

---

Q6. سورۃ القصص کے اہم علمی وعلمی نکات میں سے دو تحریر کریں-

Ans 1: 1- ہمیں اپنے علم اور صلاحیتوں پر اترانا نہیں چاہیے کیوں کی یہ سب اللہ تعالی کا فضل ہے. 2- اللہ تعالی کو ناراض کرکے کمایا ہوا مال ہلاکت اور بربادی کا سبب بنتا ہے.

Q7. احقاف کا معنی کیاہے.

Ans 1: احقاف کا معنی ہے ریت کے ٹیلے

Q8. سورہ الفاطر کے مطابق اللہ تعالی کا عذاب کن پر ہے.

Ans 1: سورہ الفاطر کے مطابق شرک کرنے اور سازشیں کرنے والوں پر اللہ تعالی کا عذاب نازل ہوتا ہے.

Q9. سورۃ لقمٰن می کتنی آیات ہیں-

Ans 1: سورہ لقمٰن میں چونتیس آیات ہیں

Q10. سورہ الالنبیاء کے آخر میں کس عقیدہ پر ایمان لانے کا زکر ہے.

Ans 1: سورہ الانبیاء کے آخر میں آخرت پر ایمان لانے کا زکر ہے